نظام آباد کے ٹمریز اسکولوں میں چکن کی سربراہی میں بدعنوانیاں

سابق ڈپٹی میئر ایم اے فہیم کی اڈیشنل کلکٹر سے نمائندگی ۔ٹنڈر منسوخ کرنے کا مطالبہ

نظام آباد، 22/جون (ایس این بی) حکومت تلنگانہ کی جانب سے ضلع نظام آباد میں واقع 19 تلنگانہ اقلیتی اقامتی مدارس اور جونیئر کالجس کیلئے تعلیمی سال برائے 25-2024 کیلئے اشیائے ضروریہ کی تجارتی، کھپل، انڈے، اکیمن لیس چکن کی فراہمی کے ٹنڈر کیلئے درخواستیں طلب کرتے ہوئے اخبارات میں اعلامیہ جاری کیا گیا ٹنڈر کیلئے درخواست داخل کرنے کی آخری تاریخ 21/جون مقرر کی گئی۔ اکیمن لیس چکن کی سربراہی کیلئے نازچکن سنٹر احمدی بازار کے مالک سید مرتضیٰ علی نے درخواست داخل کی درخواست کو بناء وجہ بتائے مسترد کردیا گیا۔ آج 22/جون بروز ہفتہ کلکٹریٹ آفیس پر ٹنڈر کا اعلان کیا جارہا تھا سابق ڈپٹی میئر نظام آباد میونسپل کارپوریشن ایم اے فہیم نے کلکٹریٹ پہنچ کر اشیائے ضروریہ اور اکیمن لیس چکن کی سربراہی کے ٹنڈر میں جانبداری کا مظاہرہ کئے جانے پر شدید احتجاج کرتے ہوئے ٹنڈر کے انعقاد میں شفافیت پر زور دیا ۔ اڈیشنل کلکٹر نے سابق ڈپٹی میئر ایم اے فہیم سے چیمبر میں بات چیت کرتے ہوئے یقین دیا کہ ٹنڈر کے اہتمام میں شفافیت کو برقرار رکھا جائیگا کوئی جانبداری نہیں کی جائے گی جبکہ سید مرتضیٰ علی مالک نازچکن سنٹر نے الزام عائد کیا کہ عہدیدار علی بگٹ کرتے ہوئے سابق کنٹراکٹر کو ٹنڈر منظور کرنے کی سازش کررہے ہیں دھاندلیاں کی جارہی ہے جس پر ایم اے فہیم نے عہدیداروں کے رویہ پر شدید برہمی ظاہر کی انہوں نے اڈیشنل کلکٹر سے مطالبہ کیا کہ ٹنڈر کو فوری منسوخ کردیا جائے دوبارہ درخواستیں طلب کرتے ہوئے شفافیت کے ساتھ ٹنڈر کی منظوری عمل میں لائی جائے ایم اے فہیم نے کہا کہ اس طرح ایک خود ساختہ رپورٹر ٹنڈر کی درخواستوں کی جانچ کررہا تھا دھاندلیاں قطعی برداشت نہیں کی جائے گی۔ انہوں نے 21 تاریخ کو سید مرتضیٰ علی کی درخواست کو ٹنڈر میں شامل کرانے سے روکنے کی کوشش کرنے والے خود ساختہ رپورٹر و کنٹراکٹر مع آفیسر کے خلاف کارروائی کا مطالبہ کیا اور کہا کہ سابق ہی آر ایس دور حکومت میں کی گئی دھاندلیوں کو کانگریس دور حکومت میں جاری رکھنے کی صورت میں برداشت نہیں کیا جائیگا۔

رکن کونسل جیون ریڈی نے اسکولی بچوں سے کیا گیا وعدہ پورا کردیا

عہدیداروں کے ہمراہ تراشی نگر کا دورہ ۔موضع میں اسکول کے قیام کی سرگرمیوں کا آغاز

جگتیال 22/جون (ایس این بی) رکن قانون ساز کونسل تاٹی پرتی جیون ریڈی جنہوں نے تین روز قبل قومی شاہراہ 63 جگتیال۔کورٹلہ روڈ پر موضع تاٹ پلی کے قریب اسوقت اپنی گاڑی کو روک دیا جب انہوں نے دیکھا کہ کچھ بچے اسکول سے اپنے موضع تراشی نگر کو (مسلم پتھر چھوڑ موضع) کو اسکولی بیاگ لیئے پیدل جارہے تھے انہیں دیکھکر رکن قانون ساز کونسل تاٹی۔ جیون ریڈی نے فوراً اپنی گاڑی روکوائی اور ان بچوں سے بات چیت کی اور انکے مسائل سے متعلق واقفیت حاصل کرتے ہوئے انہیں تیقن دیا تھا کہ وہ بہت جلد انکے موضع کا دورہ کریں گے آج رکن قانون ساز کونسل تاٹی پرتی جیون ریڈی نے اندرون دو روز میں ہی اپنا وعدہ جو اسکولی بچوں کیساتھ کیا تھا پورا کرتے ہوئے انہوں نے عہدیداروں کے ہمراہ تراشی نگر کا دورہ کرتے ہوئے وہاں پر اسکول کے قیام سے متعلق سرگرمیاں شروع کردیں۔ رکن قانون ساز کونسل جیون ریڈی نے موضع کے بزرگوں اور بچوں کے والدین سے ملاقات کرتے ہوئے تراشی نگر میں پہلی تا پانچویں جماعت پر مشتمل اسکول اور اسطرح آنگن واری سنٹر کا قیام عمل میں لانے اور فی الوقت اسکول چلانے کیلئے تین کمروں کا انتظام کرنے اور اندرون ماہ اسکول کی عمارت تعمیر کرنے کا وعدہ کیا اور ساتھ ہی ساتھ ان بچوں کو صبح ناشتہ اور دوپہر کے کھانے کا انتظام کرنے کا اعادہ کیا۔ اور 6 ویں جماعت کے بچوں کیلئے تراشی نگر تا موضع تاٹ پلی تک جانے کیلئے مفت ٹرانسپورٹ سہولت فراہم کرنے اور انہیں وہ پہرکا کھانا فراہم کرنے کا یقین دیا۔ اس موقع پر گاؤں کے عوام نے تراشی نگر میں اسکول اور آنگن واڑی سنٹر کا قیام عمل میں لانے کیلئے پیشرفت پر جیون ریڈی سے اظہار تشکر کیا۔ اس موقع پر رکن کونسل تاٹی جیون ریڈی نے ادا